صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز بدھ مورخہ 25 جون 2008ء بمطابق 20 جمادی الثانی 1429ھ صبح دس بجکر ستائیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اعوذباللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِۦ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ۔ وَٱعْتَصِمُوا۟ بِحَبْلِ ٱللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا۟ ۚ وَٱذْكُرُوا۟ نِعْمَتَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَآءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِۦٓ إِخْوَٰنًا وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ ٱلنَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمْ ءَايَـٰتِهِۦ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ۔ وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى ٱلْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنكَرِ ۚ وَأُو۟لَـٰٓئِكَ هُمُ ٱلْمُفْلِحُونَ۔ صدق اللہ العظیم۔

(ترجمہ): اے ایمان والو! اللہ سے اتنا ڈرو جتنا اس سے ڈرنے کا حق ہے اور دیکھو مرتے دم تک مسلمان ہی رہنا۔ اللہ کی رسی کو سب مل کر مظبوط تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو اور اللہ کی اس وقت کی نعمت کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں میں الفت ڈالی۔ پس تم اس کے مہربانی سے بھائی بھائی ہو گئے اور تم آگ کے گھڑے کے کنارے پر پہنچ چکے تھے اس نے تمھیں بچا لیا اللہ اس طرح تمھارے لئے اپنی نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ تم میں ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو بھلائی کی طرف بلائے اور نیک کام کا حکم کرے اور برے کاموں سے روکے اور یہی لوگ فلاح والے ہیں۔ صدق اللہ العظیم۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر،------

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر،------

جناب سپیکر: جی۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر! کورم پورا نہیں ہے، میرا خیال ہے کہ دو تین آدمی ہیں اور کوئی ہے نہیں، سر۔

جناب سپیکر: کورم پورا کرنے کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔ بڑے افسوس کی بات ہے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: سیکرٹری صاحب! کاؤنٹ کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Speaker: Quorum is not completed. The sitting is adjourned for 15 Minutes.

(اس مرحلہ پر کورم پورا نہ ہونے پر اجلاس پندرہ منٹ کیلئے ملتوی کیا گیا)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: **اعوذ بااللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔** چند معزز اراکین کی جانب سے رخصت کیلئے درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن کے اسمائے گرامی ہیں: جناب احمد خان بہادر صاحب، ایم پی اے، 25 اور 26 تاریخ یعنی آج اور کل کیلئے: محترمہ شازیہ اورنگزیب صاحبہ، 24 جون تا 15 جولائی: ڈاکٹر فائزہ رشید صاحبہ، 24 اور 25 جون کیلئے، Is it the desire of the House that leave may be granted to the Honorable Members.?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted.

مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Demand No. 11. The Honorable Minister for Law, NWFP, to please move his Demand No. 11. Honourable Minister for Law, please.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون و پارلیمانی امور): جناب! میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ چھ سو سولہ ملین، آٹھ سو پچاسی ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2009 کو ختم ہونے والے سال کے دوران عدل وانصاف کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: Motion moved that a sum not exceeding rupees 616 million, 885 thousand only, be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2009, in respect of administration of justice.

'Cut motions', Mr. Abdul Sattar Khan, please.

جناب عبدالستار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں ڈیمانڈ نمبر 11 میں دس کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved is that the total grant may be reduced by rupees ten crore only. Al-haaj Sanaullah Khan Miankhel Sahib.

الحاج ثناءاللہ خان میانخیل: جناب سپیکر، میں---------

جناب سپیکر: ثناءاللہ خان صاحب! وامو نہ وریدل جی، مائیک د نہ دے آن کڑے ؟

الحاج ثناءاللہ خان میانخیل: جناب سپیکر! میں ڈیمانڈ نمبر 11 میں دس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only.لکھا تو بیس ہزار ہے لیکن ثناء اللہ خان نے دس ہزار کہا۔Mr. IsrarullahKhan Gandapur Sahib, to please move his cut motion.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Malik Qasim Khan Khattak.

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب، میں دس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Mr. Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: میں پانچ ہزار کی کٹوتی کی تحریک اس ایوان میں پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Munawar Khan Sahib.

جناب منور خان ایڈووکیٹ: سر! میں بھی Withdraw کرتا ہوں، پلیز۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Abdul Sattar Khan.

جناب عبدالستار خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! اس ملک کو سب سے اہم مسئلہ جو اس وقت درپیش ہے، وہ میری نظر میں غریب کو انصاف کی فراہمی ہے۔ آج اگر ہم دیکھتے ہیں تو غریب دربدر کی ٹھوکریں کھا رہا ہے، کہیں بھی اس کو انصاف نہیں مل رہا۔ رب العالمین کا فرمان ہے کہ " اَعْدِلُوْا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ " کہ ہر ایک کے ساتھ انصاف ہو لیکن آج حالات اس طرح بنے ہیں کہ ہمارا جو نظام ہے، اس میں بیس سال سے، تیس سال سے مقدمے لگے ہوئے ہوتے ہیں اور کسی کو انصاف نہیں ملتا۔ آج عدالتیں بھی انصاف مانگ رہی ہیں لیکن ان کو انصاف نہیں مل رہا ہے۔ اس کی واضح مثال ہمارے سامنے ملک کا جو سب سے ایک اہم مسئلہ ہے، وہ Independence of judiciary ہے تو اس لحاظ سے جو رقم اس میں رکھی گئی ہے ستتر کروڑ روپے، کچھ اس طرح کی رقم ٹوٹل، جب ملک میں عوام کو انصاف ہی نہیں ملتا ہے تو اس مد میں اتنی رقم رکھنا، تو اس سلسلے میں میں اتنی گزارش کرونگا بس کہ اگر مجھے، اس ایوان کو صرف اتنی یقین دہانی کرائی جائے کہ اس ملک میں ہر ایک کے ساتھ انصاف ہو گا، غریب کے ساتھ انصاف ہو گا، اس اسمبلی کے ارکان کے ساتھ انصاف ہو گا تو میں اپنی تحریک واپس لینے کیلئے تیار ہوں۔

جناب سپیکر: الحاج ثناء اللہ خان میانخیل صاحب۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جناب سپیکر! اس کٹ موشن کے ذریعے جناب کی وساطت سے میں اپنی آواز اس لحاظ سے پہنچانا چاہتا تھا کہ یہ ایسی مد ہے جس میں یہ پیسے طلب کئے گئے ہیں جو کہ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی معاشرے کیلئے، اس معاشرے کی بنیادی ضرورت اور اس کے قیام کیلئے انصاف بہت اہمیت کا حامل ہے اور جہاں پر غربت بھی ہو، افلاس بھی ہو، اس کے باوجود اگر انصاف ہو تو معاشرے کی جڑیں مضبوط رہتی ہیں۔ یہاں پر چونکہ کٹ موشنز کی بات تھی اور اسی پر بات کی جا سکتی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ جوڈیشری اور ججز صاحبان جو کہ بنیاد ہیں انصاف کی، ان کیلئے مراعات اور تنخواہیں بڑھانے کیلئے اس فورم کی وساطت سے، جناب کی وساطت سے کہ ان کو ایک ایسا باعزت مقام ملے کہ جس میں خدانخواستہ جہاں پر انگلیاں اٹھتی ہیں، ان کو روکا جا سکے اور اس کا جواز پیدا نہ ہو۔ جناب سپیکر، میں سمجھتا ہوں کہ یہ معاشرے میں پہلی حیثیت رکھتا ہے اور اس کیلئے، ججز صاحبان کیلئے، ان کی رہائش کیلئے کیونکہ ہم دیکھ رہے ہیں اپنے ضلعوں میں کہ ججز صاحبان کی اپنی رہائش گاہوں کا تصور کم ہے اور انہیں ڈی سی او ز یا ایڈمنسٹریٹرز سے گھر الاٹ کرائے جاتے ہیں۔ اکثر جگہوں پر جہاں پر عدالتیں ہیں، وہ بھی میرے خیال میں مانگ کر کسی

محکموں سے ان کو الاٹ کی گئی ہیں، تو ہر جگہ پر جوڈیشری کمپلیکس ہونے چاہئیں اور ان کیلئے ججز کالونی بنا کر کم از کم ان کی پوسٹ کی سٹیٹس، جو ان کی Independence ہے، وہ ہر لحاظ سے Independent ہوں۔ میں انہی معروضات کے ساتھ اپنی کٹ موشن واپس لینا چاہتا ہوں۔ (تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر! زهٔ دا وایم چه په کوم ملک کښې انصاف نه وی، عدل نه وی، نن چه زمونږ مهنګائی، نن د امن و امان مسئلے چه څومره دی، په دے ملک کښې چه د امن و امان څومره فقدان دے، دا د عدل و انصاف فقدان دے ځکه چه زمونږ ملک کښې چه کوم انصاف ورکوی، هغوی پخپله په سړکونو ګرځی او د انصاف طلبګار دی نو مونږ څه رنګ دے محکمے ته فنډ ورکړو؟ جناب والا! چه کله دے ملک کښې انصاف یقینی شی، ججان، سول جج، د هغوی سره ګاډے نشته، تاسو پخپله سوچ اوکړئ چه نن سبا پېواری په ګاډی کښې ګرځی، چه جج سره ګاډے نه وی نو هغه به خلقو ته څه انصاف ورکړی چه هغه د بل د ګاډی محتاج وی؟ چه د جج کور نه وی او هغه په پردی کور کښې اوسی نو هغه به څه انصاف ورکړی؟ اوس پکار دا ده سر، چه دے محکمے که چرے دے ملک ته انصاف یقینی کړو لکه څه رنګه چه جسټس افتخار به په یو "از خود نوټس" باندے په ټول پاکستان کښې نوټس اغستو، خدائے پاک د دے ملک ته داسے عدلیه نصیب کړی چه په دے ملک کښې امن و امان شی، په دے ملک کښې مهنګائی ختمه شی۔ زمونږ پارلیمانی نظام حکومت خو جعلی دے کنه ولے چه څوک سیاسی سړے دا نه شی کولے۔ چه کله انصاف دے ملک ته ورکړے شو نو انشاءالله هو العزیز دلته کښې به هر څه ټهیک ټهاک وی۔ نو زهٔ د دے سره دا کټ موشن واپس اخلم چه مهربانی د اوشی چه څه رنګه د انصاف ورکولو ضرورت وی، هغه د په هغه طریقه ورکړے شی۔ د هغوی تنخواه او مراعات د اوچت شی خو انصاف د په دے ملک کښې یقینی شی ولے چه دا ملک د نورو هنګامو متحمل نه دے، چه بچ پاتے شی، زمونږ ملک ته خطره ده۔ شکریه، ډیره مهربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ جن ججز صاحبان نے پی سی او کے تحت حلف لینے سے انکار کیا ہے اور اپنے

گھروں میں آج بیٹھے ہوئے ہیں اور آج مرکز میں بھی شاید ان کی حکومت ہے اور انہوں نے یہ رسم شروع بھی کی، انہوں نے اچھا کام شروع کیا ہے کہ ان کو تنخواہیں دینی شروع کی ہیں اور اگر یہ ان کو تنخواہیں دینگے تو میں نے اس میں نہیں دیکھا اور اگر کل ججز کو بحال ہونا ہے تو ادھر تو فنانس بل میں ججز کی تعداد بڑھا دی گئی ہے اور شاید اس کیلئے Allocation بھی انہوں نے کر دی ہے اور یہاں بھی اگر ججز کو بحال کرنا ہے اور یہ Strength رکھنا چاہتے ہیں جس کو میں Oppose کرتا ہوں لیکن میں کہتا ہوں کہ جس طرح مرکز نے کیا، اگر حکومت اسی طرح یہاں بھی کرے تو پھر بھی میں پوچھونگا منسٹر صاحب سے کہ کیا اس کیلئے کوئی علیحدہ پیسوں کا بندوبست کیا گیا ہے کہ اگر اتنی سیٹیں بڑھ جائیں تو اس کا کیا بندوبست ہوگا؟ یہاں میرے دوستوں نے سر،۔۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جاوید عباسی صاحب! یہ فیڈرل ایشو ہے نا، آپ اس پر۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> میں بات کرتا ہوں جی، جو ہائیکورٹ کے ججز بیٹھے ہوئے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> ہاں جی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> میں ان کی بات کر رہا ہوں، جناب سپیکر۔ انصاف کی بات یہاں کی گئی ہے، میں اس پر نہیں آؤنگا۔ جس ملک کا چیف جسٹس، جس ملک کے پچاس سے زیادہ ججز انصاف مانگ رہے ہوں اور ان کو انصاف دینے والا کوئی نہ ہو، وہاں عام آدمی یا عام شہری کو کون انصاف دے گا؟ یہ شاید ہماری اس سوسائٹی میں اب ایک خواب لگتا ہے کہ کبھی یہ Institution اس طرح Independent ہو کر کام کرتا کہ کاش آج تمام Institutions پر وہ چیک رکھ سکتا لیکن اب یقین ہو گیا ہے کہ سول سوسائٹی، وکلاء کی ایک بہت بڑی Campaign کے باجود بھی شاید وہ منزل ہم حاصل نہ کر سکے اور وہ خواب جو اس معاشرے کے، سوسائٹی کے لوگوں نے دیکھا تھا، شاید وہ بھی پورا نہ ہو سکے لیکن جناب سپیکر، میں ایک ریکویسٹ کرونگا ان سے آپ کی وساطت سے کہ Litigants کیلئے عدالتوں کے اندر کہیں بھی بیٹھنے کی کوئی جگہ نہیں ہے، سارا سارا دن ہمارے جو بزرگ ہوتے ہیں، وہ سول عدالتوں کے باہر قطاروں میں کھڑے رہتے ہیں اور بیماری میں آتے ہیں۔ ایک مہربانی کر کے اس میں اگر ان کو پیسوں کی کمی ہے تو ہم اضافے کی ریکویسٹ کرینگے جناب سپیکر، آپ کی وساطت سے لیکن عدالتوں کے باہر کوئی ایسی بیٹھنے کی جگہ ضرور ہونی چاہیئے کہ کوئی ہمارے غیرت منداور عزت مند لوگ جو دور دراز سے عدالتوں میں آتے ہیں، وہ بیٹھ سکیں۔ وہاں کوئی ٹائلٹ کا بندوبست نہیں ہے، وہاں بجلی کا کوئی بندوبست نہیں ہے اور جو Low

Judiciary ہے جناب سپیکر، ان کے بھی حالات، Working condition جو ہیں، وہ بہت خراب ہیں۔ کسی بھی سول جج کی عدالت کو آپ دیکھ لیں پورے پاکستان میں اور آپ سارے لوگ جو یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، کسی نہ کسی طرح ہمارا واسطہ رہتا ہے عدالتوں میں جانے کا، تو لہذا ان کیلئے بھی Working condition اور جناب سپیکر، آپ کی وساطت سے میں یہ کہونگا اور لاء منسٹر صاحب خود بھی ممتاز قانون دان ہیں اور مجھے یقین ہے کہ انہوں نے خود بھی اس معاملے پر سوچا ہوگا کہ Cases سالہا سال لٹکے ہوئے ہوتے ہیں عدالتوں کے اندر، ایک تو ٹھیک ہے کہ ہائیکورٹ کی اپنی ایک Jurisdiction بھی ہے، خود فیصلہ کرتے ہیں اور ٹائم fix کرتے ہیں لیکن Lower courts کیلئے کوئی ٹائم فکس ہونا چاہیئے۔ سپریم کورٹ کی Judgments بھی مختلف اوقات میں آتی رہی ہیں اس معاملے پر لیکن ابھی تک وہ پوری طرح سے Implement نہ ہو سکیں تو میری یہ بھی ریکویسٹ ہوگی کہ ایک آدمی سول کیس فائل کرتا ہے اور اس کے بچوں کو بھی انصاف نہیں ملتا۔ سوسائٹی میں اگر سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو انصاف نہیں ملتا، ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اور ججز کو انصاف نہیں ملتا لیکن ایسا کوئی بندوبست کیا جائے کہ اس ملک کے غریب لوگوں کو انصاف مل سکے۔ میں اسی کے ساتھ اپنی کٹوتی کی تحریک کو جناب سپیکر، واپس کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you, withdrawn. Minister for Law, please.

جاوید عباسی صاحب نے بڑے اچھے پوائنٹس اٹھائے کچھ Improvement کی کوشش کریں کہ عدالتوں میں جو برا حال ہوتا ہے باہر، کم از کم ٹھنڈے پانی کا اور بیٹھنے کی جگہ کا تو بندوبست ہو۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> اس میں سر، تھوڑی سی گزارش کر دوں، میرے تمام بھائیوں نے بڑی اچھی Suggestions دی ہیں بلکہ سوسائٹی کا یہ سب سے اہم ڈیپارٹمنٹ ہے انصاف کا تو جہاں تک Vacancies کی بات ہے، یہاں پر Already deposed Judges کیلئے Vacancies available ہیں، انشاء اللہ جب Restoration ہوگی تو آپ فکر نہ کریں، انشاء اللہ Vacancies ہیں۔ اس کے علاوہ بالکل یہ Seating arrangements کیلئے جوڈیشری کو ہم کچھ Proposals بھیجوائیں گے کیونکہ یہ Court premises ان کے دائرہ اختیار میں ہوتا ہے تو انشاء اللہ ان کو فنڈنگ میں ہم ان کی Help کرینگے۔ دوسری Lengthy cases کی بات آپ نے کی ہے، تو یہ P.P.C میں Amendment چاہیئے جو کہ سنٹر، وہاں پر Parliament میں ہوگی، فیڈرل گورنمنٹ ہمارا نیشنل پارلیمنٹ ہے تو وہ P.P.C میں Changes لائیں تو تب ہی کچھ ہوگا۔ اس کے علاوہ جو Strikes

ہیں، اس نے بھی کافی اس Process کو Affect کیا ہے تو Strikes میں بھی وکلاء برادری سے ریکویسٹ ہوگی کہ وہ بھی کچھ گزارہ کریں۔ باقی میں مشکور ہوں میرے خیال میں کافی بھائیوں نے Withdraw کر لیا ہے، تو I am grateful.

<u>جناب سپیکر:</u> عبدالستار صاحب! آپ کی تسلی ہو گئی؟

<u>جناب عبدالستار خان:</u> جی سر۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر! یہاں منسٹر صاحب نے خود ہی کہہ دیا ہے کہ یہاں Vacancies خالی ہیں تو میں صرف ان کا Point of view اور حکومت کا Point of view، یہاں الحمد للہ اے این پی اور پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت ہے تو میں ان کا Point of view جاننا چاہونگا کہ جو کام مرکز میں ہو رہا ہے بحال کرنے کا، یہ بھی وہی ارادہ رکھتے ہیں؟ تو یہ میری۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی منسٹر لاء، پلیز۔

<u>وزیر قانون و پارلیمانی امور:</u> جناب سپیکر! جی۔ فیڈرل گورنمنٹ کا جو ہے، Constitutional amendment کے ذریعے یہ ہوگا، یہ ابھی Perception آ رہا ہے، یہ ایک Impression ہمیں مل رہا ہے اور باقی تو As such ہمارے پاس ایسا اختیار نہیں ہے کہ ہم ان کو بحال کریں۔ ہماری خواہش ضرور ہے (تالیاں) لیکن یہ چونکہ مرکز کے ساتھ تعلق رکھتا ہے اور وفاقی پارلیمنٹ کرے گی تو Amendment کے ذریعے انشاء اللہ ہوگا، اس میں سارے ہائی کورٹس کے ججز بھی انشاء اللہ Restore ہونگے اور سپریم کورٹ کے بھی ہونگے انشاء اللہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک ہے، تھینک یو۔ Since all the Honorable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 11, therefore, the question is that Demand No. 11 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it, Demand is granted. Demand No. 12. The Honorable Minister for Higher Education, NWFP, to please move his Demand No. 12. Qazi Asad Sahib.

<u>قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 1 بلین، 903 ملین، 889 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے

کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون2009ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعلیم کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: Motion moved that a sum not exceeding rupees 1 billion, 903 million, 889 thousand only, be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2009, in respect of Higher Education.

'Cut motions'. Mr. Abdul Akbar Khan, please.

Mr. Abdul Akbar Khan: Sir, I beg to move a cut motion of 20 crore rupees on Demand No. 12. (Applause)

Mr. Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees twenty crore only. Syed Muhammad Sabir Shah Sahib. Not present, it lapses. Al-haaj Sanaullah Khan Miankhel Sahib.

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: جناب سپیکر! ڈیمانڈ نمبر 12 میں شاید مجھ سے لکھنے میں غلطی ہوئی ہو، یقیناً میں بھی اس میں بیس کروڑ روپے کی کم از کم کٹوتی چاہتا تھا لیکن چونکہ یہاں پر میری موشن میں بیس ہزار روپے ہیں تو میں بیس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees twenty thousand only. Mr. Israrullah Khan Gandapur Sahib.

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میں دس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Malik Qasim Khan Khattak Sahib.

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا، میں اس میں دس ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Hafiz Akhtar Ali. Not present, it lapses. Mr. Javed Abbasi Sahib.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں دس ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion moved that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Mr. Muhammad Ali Khan Sahib.

جناب محمد علی خان: جناب! زۀ د پینځو زرو روپو د کټوتۍ تحریک پیش کومه۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Munawar Khan, please.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں سر، دوہزار،دوسو بائیس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees two thousand, two hundred twenty two only. Mr. Akram Khan Durrani Sahib.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): سپیکر صاحب! میں ایک ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees one thousand only. Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao Sahib.

Mr.Sikandar Hayat Khan Sherpao: Mr. Speaker Sir, I beg to move a cut of two hundred rupees on Demand No. 12.

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mr. Ziad Akram Khan Durrani Sahib. Not present, it lapses. Syed Murid Kazim Shah Sahib.

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ: میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Haji Qalander Khan Lodhi Sahib.

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! میں بیس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Malik Hayat Khan Sahib. Not present, it lapses. Dr. Iqbal Din Sahib.

ڈاکٹر اقبال دین: جناب سپیکر! میں دس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Motion moved that the total grant may be reduced by rupees ten only. Mr. Abdul Akbar Khan please.

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آپ ڈیمانڈ کو دیکھیں، ایک ارب، نوے کروڑ روپے ہائیر ایجوکیشن کیلئے منسٹر صاحب مانگ رہے ہیں تنخواہوں اور Other Allowances کی مد میں لیکن اگر آپ گزشتہ سال کے خرچے کو دیکھیں تو ایک ارب، اسی کروڑ روپے Last year اسی ہاؤس سے ڈیمانڈ کیا گیا تھا اسی ہیڈ میں لیکن اسی ہیڈ میں پھر پرائمری ایجوکیشن کیلئے بھی آٹھ کروڑ روپے رکھے گئے تھے، خرچہ ہوا ان کا ایک ارب، ترپن کروڑ روپے کا، اب سمجھ نہیں آرہی ہے کہ یہ چالیس کروڑ روپے Excess میں کیوں ڈیمانڈ کئے گئے تھے؟ اگر یہ ڈیمانڈ نہ کرتے تو یہ چالیس کروڑ روپے یا تو Developmental budget میں چلے جاتے یا کسی اور سیکٹر میں چلے جاتے۔ اب اگر ڈیپارٹمنٹ اپنی تنخواہوں کا حساب نہیں رکھ سکتا،

اب اگر ڈیپارٹمنٹ اپنے الاوءنسز کا حساب نہیں رکھ سکتا، اگر ڈیپارٹمنٹ اپنے پی او ایل کا حساب نہیں رکھ سکتا تو ہم حیران ہیں کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ بغیر دیکھے ان کو Approve کر رہی ہے جبکہ وہ خرچ نہیں کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر! دوسری سائڈ پر ہمارے جو دوسرے سیکٹرز ہیں، وہ Affect ہو رہے ہیں تو پچھلے سال انہوں نے ایک ارب، اسی کروڑ روپے کا ڈیمانڈ کیا اور ایک ارب، ترپن کروڑ خرچہ کیا اور ایک ارب، ترپن کروڑ میں بھی آٹھ کروڑ روپے پرائمری کیلئے تھے لیکن اب ہم نہیں سمجھتے کہ ایک طرف حکومت کہتی ہے کہ پرائمری Devolved ڈیپارٹمنٹ ہے اور اس سال جو اندازہ ہو رہا ہے کہ پرائمری کیلئے ایک پیسہ نہیں رکھا گیا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ اگر Devolved ڈیپارٹمنٹ ہے تو پھر یہ 2002 سے Devolve ہونا چاہیئے تھا، پچھلے سال پیسہ کیوں رکھا گیا اسی ہیڈ میں پرائمری کیلئے؟ دوسرا جناب سپیکر، ہمارا جو Main concern ہے، ہم جو کٹ موشن پیش کرتے ہیں، اس میں ڈیپارٹمنٹس کی کارکردگی پر ہم بات کرتے ہیں لیکن اگر آپ ڈیمانڈ 42 کو دیکھیں جناب سپیکر، تو چھبیس بلین جو تنخواہوں میں دیا گیا ہے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو، یہاں پر اس کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ جناب سپیکر! اس ڈیمانڈ میں ہمارا جو Main concern ہے، وہ پرائمری اور سیکنڈری ایجوکیشن سے ہے۔ اس ڈیمانڈ کو پیش کر کے ہمارا منہ بند کر دیا گیا کہ ہم پرائمری ایجوکیشن اور سیکنڈری ایجوکیشن پر بات نہیں کرینگے تو ہمیں حکومت بتا دے کہ ہم اگر پرائمری اور سیکنڈری ایجوکیشن پر بات کرتے ہیں تو وہ کس ڈیمانڈ آف گرانٹ میں ہم اس پر بات کرینگے؟ جناب سپیکر، اگر ہم ڈیمانڈ نمبر 42 پر بات کرینگے تو وہ تو جنرل ڈیمانڈ ہے جو کہ سارے Devolved ڈیپارٹمنٹس کی تنخواہوں کا ڈیمانڈ ہے، وہ تو تقریباً دس پندرہ، بیس محکمے بن جاتے ہیں اس میں، تو ہمیں یہ موقع نہیں ملتا کہ ہم دس پندرہ بیس محکموں کی کارکردگی پر ایک ہی گرانٹ میں بات کر سکیں۔ تو اسلئے جو پچھلے سال، اس سے پہلے جو طریقہ کار تھا جناب سپیکر، اس سال فنانس ڈیپارٹمنٹ نے اس کو Change کیا ہے۔ پچھلے سال، سارے سال 2002 کے بعد ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے جو Salary کا بجٹ ہوا کرتا تھا، اسی ہاؤس کو اس کی Detail provide کی جاتی تھی اور ہر ایک ڈسٹرکٹ کے جو Separate detail ہوتی تھی پرائمری ایجوکیشن میں اور سیکنڈری ایجوکیشن میں، سارے سالوں میں ہمیں Provide کی گئی۔ اس سال فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ہمیں سیکنڈری ایجوکیشن اور پرائمری ایجوکیشن کی کوئی Details نہیں دی ہے، جناب سپیکر ایک۔ دوسرا جناب سپیکر، جو ڈیمانڈ نمبر 42 میں جب چھبیس بلین جائیگا Salaries میں، تو ہمارے پاس تو کوئی موقع نہیں ہوگا اس پر بولنے کا۔ تو ایک دو تین

چیزیں منسٹر صاحب بتادیں کہ جب آپ تقریباً 35%, 40% increase مانگ رہے ہیں تو 20% تو Increase آپ کی Salary میں چلی گئی لیکن یہ باقی 20% increase آپ کس چیز میں مانگ رہے ہیں؟ کیاآپ یہ الاؤنسز میں Increase مانگ رہے ہیں، کیا تنخواہ تواور نہیں بڑھی ہے؟ صرف انکی 20% جو Increase basic pay پر ملی ہے، وہ 20% ہے تو یہ تو سارا جو ہے ایک ارب، نوے کروڑ روپے سر، اس میں تنخواہیں تقریباً پچاس ساٹھ کروڑ، ستر کروڑ ہونگی، اگر اس کا 20% ہے تو چودہ کروڑ روپے بن گئے، یہاں پر تو یہ چالیس کروڑ روپے Excess میں اس سال مانگ رہے ہیں۔ کیا یہ اس طرح تو نہیں کہ پچھلے سال کی طرح یہ ایک ارب، نوے کروڑ مانگ رہے ہیں اور خرچ کرینگے ایک ارب، چالیس کروڑ یا ایک ارب، پچاس کروڑ تو ہماری سکیمیں یا اے ڈی پی یا ہمارے اور جو سیکٹرز ہیں، جن کو ضرورت ہوگی، دوبارہ ان چالیس کروڑ روپوں سے محروم ہو جائیں گے؟ تیسرا جناب سپیکر، اگر آپ اس میں دیکھیں اور یہ بار بار ہم کہتے ہیں کہ خدا کیلئے یہ Lump sum provision، نہ جانے یہ لفظ کہاں سے ایجاد ہوا، دنیا کے کسی بھی بجٹ میں اس طرح کا Provision نہیں دیا جاتا کہ ڈیپارٹمنٹ کو Lump sum دیا جائے، اگر آپ اپنا پیسہ خرچ کریں گے اور آپ کو ضرورت ہوگی تو آپ فنانس ڈیپارٹمنٹ کو لکھیں گے اور فنانس ڈیپارٹمنٹ Lump sum سے آپ کو پیسے دیگا۔ اب جناب سپیکر، اس میں آپ دیکھیں، یہ ڈھائی کروڑ روپے، اگر آپ Page 483 پر دیکھیں تو یہ 'Others' میں پانچ کروڑ روپے مانگ رہے ہیں، 'Others' کو تو ہم ابھی تک نہیں سمجھ سکیں کہ یہ 'Others' کیا چیز ہے؟ کیونکہ ہر ہیڈ میں، ہر گرانٹ میں، ہر ڈیمانڈ میں 'Others' کا لفظ ضرور آتا ہے اور 'Others' کے لفظ کے ساتھ یہ بھی آتا ہے کہ "Lump sum provision at the disposable of the Finance Department".

(تالیاں)

جناب سپیکر! آپ اس میں دیکھیں کہ ان کا جو ہیڈ ہے 3970، اس میں 'Others' کیلئے پانچ کروڑ مانگ رہے ہیں اور پانچ کروڑ میں یہ کہتے ہیں کہ Lump sum at the disposable of the Finance Department, ڈھائی کروڑ روپے لیکن اس کا جو دوسرا Portion ہے جناب سپیکر، وہ کہتا ہے کہ 'Provision for establishment of primary schools in NWFP' یہ تو Developmental side ہے ایک، دوسری بات یہ ہے کہ کالجز کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں ہے، ہائیر ایجوکیشن کے ساتھ اسکا تعلق نہیں ہے تو یہ Lump sum provision for establishment of primary school in NWFP، یہ تو اگر اے ڈی پی میں ہوتا یا ان کا جو Developmental budget ہے پرائمری کا، اس میں ہو سکتا ہے یا جو

Developmental ADP ہے، اس میں ہو سکتا ہے لیکن Establishment، تو تنخواہوں، ریونیو سائڈ پر تو آپ اس کو نہیں کر سکتے کہ آپ اس میں جو Developmental side ہے، وہ بھی رکھیں اور وہ بھی اگر کاٹ کر رکھ لیتے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> میرے خیال میں 'Others' کے بارے میں آپ کو کچھ بتانا چاہ رہے ہیں لاء منسٹر صاحب، ایک منٹ سن لیں۔

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> تمام ممبران سے گزارش یہ ہے بڑے ادب و احترام سے کہ ابھی ہم صرف گرانٹ نمبر 12 پر پہنچے ہیں، تقریباً 52 گرانٹس ہیں اور صرف کل کا دن رہ گیا ہے، مہربانی کریں جو آپ تھوڑا سا ان کو، ان سے درخواست ہے کہ پوائنٹس ذرا لکھیں، Precise کریں، Precise ٹائم زیادہ نہ لیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> (قہقہہ) آپ، عبدالاکبر خان!

<u>جناب سکندر حیات خان شیرپاؤ:</u> جناب سپیکر! ممبران چه دی، هغوی په ټائم نه راځی، اجلاس په ټائم نه شروع کیږی او بیا دوئ ګله مونږ نه کوی، خبره مونږه ته کوی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی عبدالاکبر خان، مختصر ئے کړئ۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> جناب سپیکر! مختصر کرتا ہوں لیکن جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> 'Others' کے متعلق بھی قاضی صاحب آپ کو بتائیں گے۔

<u>جناب عبدالاکبر خان:</u> وہ جواب مجھے کہیں سے نہیں ملے گا جناب سپیکر، وہ کسی کو بھی نہیں ملے گا۔ جناب سپیکر، میں یہ کہہ رہا تھا کہ ایک تو ڈسٹرکٹ کا جو پرائمری اور سیکنڈری کا بجٹ ہے، اس کی Detail ہمیں کیوں Provide نہیں کی گئی؟ یہ Basic ہمارا پوائنٹ ہے کیونکہ ہمارا Concern mainly کالجز اور ہائیر ایجوکیشن کی بجائے زیادہ تر پرائمری اور سیکنڈری کے بارے میں ہے۔ اگر ہم اس پر نہیں بول سکتے کیونکہ ڈیمانڈ تو ہائیر ایجوکیشن والے کر رہے ہیں تو جناب سپیکر، اس پر آپ یا رولنگ دے دیں یا فنانس ڈیپارٹمنٹ کو یا Department concerned کو آپ ڈائریکٹ کریں کہ وہ ہمیں بتائے کہ آپ کس کس ضلع میں کتنا کتنا پیسہ ایجوکیشن پر، ہیلتھ پر یا کسی اور ڈیپارٹمنٹ پر خرچ کر رہے ہیں؟ چھبیس بلین کا ڈیمانڈ کر کے یہ Camouflage کر رہے ہیں جناب سپیکر، یہ اس ہاؤس سے چھپانا چاہتے ہیں کہ یہ چھبیس بلین ہم کہاں خرچ کر رہے ہیں؟ چھبیس بلین بہت بڑی رقم ہوتی ہے، جناب سپیکر۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ فنانس منسٹر کہاں ہیں؟ ایجوکیشن منسٹر، بابک صاحب، یہ خصوصی نوٹ کریں، اس کا جواب بعد میں انہوں نے Clear cut دینا ہے۔ اسرار اللہ خان، ابھی الحاج ثناءاللہ خان میانخیل صاحب۔

الحاج ثناء اللہ خان میانخیل: سر! میں معذرت کر رہا ہوں، مجھے کھانسی آ رہی ہے، مجھے تھوڑا سا ان سے موخر کریں، ان سے بعد میں کر دیں مجھے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اسرار اللہ خان صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ سر! اس کے متعلق عبدالاکبر خان صاحب نے تفصیل سے بات کر لی ہے، میں صرف اس ہاؤس کی توجہ اس حوالے سے چاہونگا کہ پچھلے سال کا جو پروسیجر ایک تھا، اس میں یہ تھا کہ At least اگر ہمیں وہ سارے فگرز نہیں دیتے تھے تو کم از کم ڈسٹرکٹ وائز ہمیں بجٹ میں پتہ چلتا تھا کہ یہ فلاں ڈسٹرکٹ کا بجٹ ہے، یہ فلاں ڈسٹرکٹ کا بجٹ ہے۔ ابھی اس سال تو جی انہوں نے جو ہم سے ڈیمانڈز کی ہیں، وہ ڈیمانڈز انہوں نے اپنی جگہ پر کر لیں لیکن یہ ہے کہ ابھی آگے ہمیں کچھ بھی پتہ نہیں ہے کہ یہ ڈیمانڈز جب ہم ڈسٹرکٹ کے حوالے کر دیتے ہیں، جیسے میں نے اپنی Budget Speech میں کہا تھا کہ اگر پارلیمنٹ کا کردار صرف ربڑ سٹمپ تک ہے تو پھر تو ٹھیک ہے لیکن اگر سر، یہ ہے کہ یہاں پر ایک ڈیبیٹ ہونی چاہیئے اور ہم ایک چیک رکھنے کیلئے کرتے ہیں تو میرے خیال میں اس کی تصحیح کرنی چاہیئے اور وہ یہ ہے کہ کل کو میرے خیال میں وہ جو ہمارے ایس اینڈ ایل کے منسٹر صاحب ہیں، ان کا کردار Infructuous ہو جاتا ہے کیونکہ نہ انکی ڈیمانڈ ہے سر، نہ وہ پیش کر سکتے ہیں، وہ منسٹر ہیں، انکے Behalf پر ہمارے حاجی بشیر بلور صاحب اس کو پیش کرینگے کیونکہ ڈسٹرکٹ کا اگر Concept آ جاتا ہے، یقیناً گوکل گورنمنٹ ہی Handle کرے گی۔ جو چھبیس بلین کی 42 نمبر ڈیمانڈ ہے، تو وہ ہمارے سینیئر وزیر صاحب پیش کرینگے کیونکہ لوکل گورنمنٹ کی ہے۔ اچھا، لوکل گورنمنٹ کے وہ منسٹر ہو کر چھبیس ارب انکی تنخواہوں کا بجٹ ہاؤس سے مانگیں گے اور چونکہ اکثریت ہے تو وہ ڈیمانڈ بھی پاس ہو گی لیکن اگر اس کے برعکس دیکھیں، ہماری ساری جو شکایات ہیں تو ڈسٹرکٹ گورنمنٹ اور ان کا جو طریقہ کار ہے، ابھی کالجز میں آپ دیکھیں، کالجز کے منسٹر، ارکائیوز سے تو خیر کسی کا اتنا Concern ہی نہیں ہوتا، کالجز کے منسٹر صاحب اگر ہمیں کوئی Surety دینگے تو کس Base پر دینگے؟ نہ یہ ڈیمانڈ کر رہے ہیں، نہ یہ ہاؤس اس کو Approve کر رہا ہے۔ حاجی صاحب ڈیمانڈ کرینگے، پورے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے جتنے بھی Non salary accounts ہیں چھبیس بلین کے، وہ اس ہاؤس میں رکھیں گے۔ تو سر، ہمیں تو یہ پتہ نہیں چلتا

کہ یہ جو Decision لیا گیا ہے، ابھی Last year تک تو اس میں انہوں نے رکھے تھے پرائمری ایجوکیشن کیلئے، کیا یہ رولز ریگولیشنز، نہ ہاؤس میں اس پر کوئی ڈیبیٹ ہوئی ہے، نہ کوئی ایسی چیز یہاں پر آئی ہے، اس کے باوجود یہ فیصلہ کس لیول پر لیا گیا؟ اگر انہوں نے Provincial Finance Commission میں لیا ہے جو کہ ایک فورم ہے ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے حوالے سے تو میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ اگر اتنا Major decision وہ لے رہے تھے کہ ساری جتنی بھی ان کی Salary تھی، انہوں نے ایک ہیڈ میں، جیسے عبدالاکبر خان نے کہا کہ Camouflage کر کے ایک ہیڈ میں اس نے رکھ دی تو ابھی ہم تنقید کس چیز پر کرینگے؟ سر، یہ ایک بہت بڑا، مطلب ہے اگر آپ دیکھیں تو رولز سے Diversion ہے، ایک ایسی طرف ہم جارہے ہیں جو ماضی کا حصہ نہیں رہی۔ اگر اس سال یہ Initiative لیا گیا ہے تو میرے خیال میں یہ ایک بری روایت ہے۔ اگر آپ اس کو Revise بھی کریں گے تو کیسے کریں گے؟ کیونکہ بجٹ تو آپ نے پاس کرنا ہے، ہم تو ساری شکایات اپنے ساتھ لائے ہیں ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے حوالے سے، یہ ابھی ہم نہیں سمجھتے کہ اس کا کیا کرینگے؟ لیکن ہم سے کوئی پوچھے گا بھی نہیں اور سر، اس میں میں قاضی کی توجہ کالجز کے حوالے سے چاہونگا کہ جیسے عبدالاکبر خان نے کہا کہ Page 461 پر وہ 'Others' کیلئے مانگ رہے ہیں کوئی نو کروڑ، اٹھارہ لاکھ، چورانوے ہزار، اچھا سر، یہ ایک علیحدہ ہے اور ساتھ Lump sum allocation ہے، Page 465 پر ہے کوئی آٹھ کروڑ، سولہ لاکھ، چوراسی ہزار، تو کیا یہ Lump sum allocation اس 'Others' کا حصہ ہے؟ اگر یہ اس کا ہے تو وہاں پر تو ڈیمانڈ نو کروڑ کی ہے تو پھر یہ ایک کروڑ جو دوسرا ہے، یہ کہاں پر چلا گیا ہے؟ ایک اور ساتھ ساتھ، قاضی صاحب اگر کتاب کھول کر دیکھیں تو اس میں سر، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج نمبر 1 چارسدہ، گورنمنٹ کالج نمبر 2 چارسدہ، اس طریقے سے اور بھی اس میں بہت زیادہ کالجز ہیں جن کا پچھلے سال انہوں نے ڈیمانڈ نہیں کیا تھا اور اس سال ان کے بجٹ کی Approval ہم سے مانگ رہے ہیں تو سر، ہمیں یہ سمجھ نہیں آتی کہ کیا یہ سارے کالجز نئے ہیں؟ اگر یہ سارے کالجز نئے ہیں تو یہ پریکٹس کیسے؟ اگر یہ کالجز نئے نہیں ہیں تو قاضی صاحب مہربانی کر کے ہمیں یہ بتائیں کہ اب تک یہ بجٹ کہاں پر تھا؟ اگر اس سال یہ مانگ رہے ہیں تو پچھلے سال ان کا جو بجٹ تھا، اس کی Approval کس ہاؤس سے لی گئی اور کونسی اتھارٹی سے لی گئی؟ شکریہ، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جناب ملک قاسم خان خٹک صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: معزز راکین اسمبلی! جناب عبدالاکبر خان صاحب او اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب ډیر څه په دے باندے اووئیل، زهٔ د دوئ سره اتفاق کوم چه دے کښې بالکل څه خاص وضاحت نشته او زمونږ د ډسټرکټ گورنمنټ په حوالے سره ډیر تحفظات دی۔ دا هر څه چه دی، دا د مونږه ته واضح کړی او دا معزز ممبران د په اعتماد کښې واخلی۔ شکریه، جناب عالی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ مسٹر جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر! میں منسٹر صاحب کے پچھلے دوڈھائی ماہ کی کارکردگی سے بڑا مطمئن ہوں اور مجھے یقین ہے، میں نے ایک بات کرنی تھی جس کیلئے اپنی کٹ موشن Move کی تھی، جو اسرار گنڈاپور صاحب نے بات کی ہے کہ جو پیسہ جارہاہے اور جس کو شاید ہم یہاں اس سٹیج پر نہیں ڈسکس کررہے ورنہ ہوناتو یہ چاہیئے تھا کیونکہ بہت سے لوگوں کو اس لیول پر بہت زیادہ شکایات ہیں اور ہم فوکس بھی کرنا چاہ رہے تھے لیکن چونکہ اس میں شاید ابھی یہ جواب نہ دے سکیں اور وہ Concern Minister بھی نہیں ہیں اور اس پیسے نے ویسے بھی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کو جانا ہے تو اتنا زیادہ جو پیسہ ہے، اس کے بارے میں ہمیں پتہ چلنا چاہیئے تھا، ٹھیک ہے اگر دیتے ہیں یا فنانس کمیشن نے کوئی ایسا Formula Adopt کرلیا ہے تو اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن اگر اسکی ساری Detail کا ہمیں پتہ ہوتا تو اس سے ہم زیادہ مطمئن ہوتے۔ باقی جناب، میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس کرتا ہوں جی۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: جناب محمد علی خان صاحب۔

جناب محمد علی خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر، د پرائمری ایجوکیشن منسټر، بابک صاحب موجود نه دے دلته جی، چه کوم پرائمری سکولونه په دے صوبه کښې جوړ شوی دی تر اوسه پورے، نو ایم پی اے، ایم این اے، هر څوک چه وو نو هغوی لیکلی ورکړی دی نو ایجوکیشن محکمے په هغے باندے عمل کړے وو او هغه سکولونه ئے جوړکړی دی۔ خو گورئ جی چه څومره سکولونه جوړشوی دی نو Majority په هغے کښې په داسے ځایونو کښې دی چه هغه د آبادئ نه لرے دی یا هغه حجرے جوړے شوے دی یا اوس هغه سکولونه بند دی۔ نو زهٔ دا وایم چه دے سکولونو جوړیدو کښې د ممبر د وینا سره سره د ایجوکیشن محکمے Feasibility report هم Must دے۔ پکار دی چه سکول جوړیږی او دومره سرمایه پرے خرچ کیږی چه هغه په داسے ځائے کښې جوړ شی چه خلقو ته

فائده ورکړی او هغه کوم سکولونه چه بند دی، کم از کم زما په حلقه کښ دے وخت کښ اووه، اته پرائمری سکولونه بند دی، نو د دغے د پاره د څه لائحه عمل جوړ شی چه دا سکولونه کهلاؤ شی۔

جناب سپیکر: جی منور خان صاحب۔

جناب منور خان ایڈووکیٹ: شکریہ، سپیکر صاحب۔ مجھے تو سپیکر صاحب، اس چیز پر بڑا افسوس ہو رہا ہے کہ اتنے سینیئر ایم پی ایز کے نالج میں بھی یہ نہیں ہے کہ یہ جو ڈیمانڈ کر رہے ہیں تو کس سلسلے میں کر رہے ہیں؟ ہم تو ابھی ابھی نئے آئے ہوئے ہیں لیکن میں اپنے ڈسٹرکٹ کی بات یہاں پر کرنا چاہتا ہوں کہ سکولوں کے Repair کیلئے جو پیسے دیئے گئے ہیں، وہاں پر حالت اب یہ ہے کہ ہر سکول کا جو ہیڈ ٹیچر ہے، اس جون میں اسی سلسلے میں ٹرانسفر کر رہے تھے کہ ان کو چالیس چالیس ہزار روپیہ Per School مل رہے تھے اور میرے خیال میں صرف پانچ ہزار روپیہ، پانچ ہزار سے کم Per School وہ لگا رہے ہیں اور باقی جتنے بھی ہیں، تیس ہزار ہیں یا پینتیس ہزار روپیہ، وہ اپنی جیبوں میں ڈال رہے ہیں تو میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرونگا کہ اس کیلئے سپیشل کوئی کمیٹی مقرر کی جائے کیونکہ سارے ہیڈ ٹیچرز جتنے سکولوں میں بھی ہیں، صرف اسلئے لگ رہے ہیں۔ ابھی ہمیں بھی پریشان کر رہے ہیں کہ ہمیں فلاں سکول میں ٹرانسفر کرو اور کام اس کا صرف یہ ہے کہ وہ جو Repair کے پیسے ہیں تیس چالیس ہزار روپیہ، وہ اپنی جیبوں میں ڈالیں۔ سر! اس کیلئے منسٹر صاحب سے میں ریکویسٹ کرونگا کہ حلقے کے جتنے بھی ایم پی ایز ہیں، وہ کم از کم ملکر اس چیز کی انکوائری کریں کہ واقعی وہ پیسے ان سکولوں پر لگے ہوئے ہیں کہ نہیں؟ باقی سر، منسٹر آف ہائیر ایجوکیشن، قاضی صاحب تو بڑے Polite آدمی ہیں اور اس سلسلے میں میں اپنی تحریک واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: جناب اکرم خان درانی صاحب۔

قائد حزب اختلاف: میرے خیال میں میں جب پشتو میں بات کرتا ہوں تو میرے کچھ ساتھی ہمیشہ ریکویسٹ کرتے ہیں کہ آپ اردو میں کریں۔ ایک تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور دوسرا یہ ہے کہ یہاں پر۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: پښتو کښ اوکړئ، خیر دے۔

قائد حزب اختلاف: آج جو محکمے ہیں، ایک ہائیر ایجوکیشن ہے، قاضی اسد صاحب ہمارے بڑے پیارے منسٹر صاحب ہیں، ان کا ہے اور دوسرے میرے خیال میں بابک صاحب ہیں جو کہ پرائمری ایجوکیشن کے منسٹر ہیں اور میرے خیال میں ایجوکیشن ایسا محکمہ ہے کہ اس کے بغیر قوم ترقی کر ہی نہیں سکتی اور قوموں کی بنیاد

وہ تعلیم پر بنتی ہے لیکن سپیکر صاحب، آپ اندازہ لگائیں اس سے، آج اخبارات میں بھی کچھ بات آئی تھی، چونکہ میں کل نہیں تھا، مجھے کچھ تکلیف تھی، میں یہاں پہنچا لیکن پھر وہ تکلیف بڑھتی گئی، اسلئے میں ہال کے اندر نہ آ سکا۔ آج بھی مجھے تھوڑی سی تکلیف ہے لیکن چونکہ یہ بڑے اہم دن ہیں، اسلئے میں ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر یہاں چلا آیا اور چونکہ خاصکر ایجوکیشن کی میں بات کرونگا۔ یہاں پر کوئی بھی ایسا ممبر نہیں ہے جس کی یہ سوچ بھی ہوگی کہ آپ اس میں کٹوتی کریں یا کمی کریں۔ یہ میرے خیال میں یہاں ایک بات پر تجویز آگے کرنے کیلئے معمول سا بن گیا ہے۔ ہماری تو یہ بھی گزارش تھی اور میں نے اپنی بجٹ سپیچ میں یہ بات کی تھی کہ اس میں اضافہ کیا جائے اور اب جب میں کٹوتی کی بات کرتا ہوں تو مجھے خود بھی عجیب سا لگتا ہے کہ اگر میں اس کیلئے بات کرتا ہوں کہ اس میں کچھ اضافہ کیا جائے لیکن یہ ایک معمول کی بات ہے۔ یہاں پر آدمی جب بات کرتا ہے، ایک تو ہائر ایجوکیشن ہے جی، قاضی صاحب میرے ساتھ پانچ سال رہے ہیں، یقیناً وہ بہت محنتی ہیں اور ہائر ایجوکیشن کے بارے میں ہم تجاویز دے سکتے ہیں اور مجھے یہ بھی یقین ہے کہ شاید اگر ہم کچھ تجاویز دے دیں تو وہ ان کو قدر کی نظر سے دیکھیں گے اور اس پر آگے کام بھی کریں گے۔ خاصکر یہاں پر مجھے خوشی ہے کہ دو یونیورسٹیوں، ایک امام ڈھیری اور دوسری مردان کیلئے فنڈ کی Allocation ہے لیکن وہ اس انداز سے ہے کہ میرے خیال میں اگر اس سے ایک مکتب سکول بھی آپ چلائیں گے یا پرائمری سکول بھی چلائیں گے تو میرے خیال میں کچھ، تو میں اس کیلئے یہی درخواست دوبارہ کرونگا کہ اس کیلئے اسی سال بجٹ میں اضافہ کریں، کچھ بھی کرلیں، کہیں سے بھی کرلیں لیکن یونیورسٹی بہت ضروری ہے۔ ہم مردان کی بھی سپورٹ کرتے ہیں، ہم امام ڈھیری کی بھی کرتے ہیں اور جس طرح بیس نئے ڈگری کالجز ہیں، اگر تین کروڑ روپے پر آپ ایک ہائر سیکنڈری سکول بناتے ہیں اور میرے خیال میں آپ On going کو بھی دیں گے جو آپ کے پاس ہیں، تو تین کروڑ روپوں سے بیس نئے ڈگری کالجز کا قیام، میری سمجھ میں یہ بات آتی نہیں کہ یہ منصوبہ بندی میرے بزرگوں اور فنانس والوں نے کیا سوچ کر کیا کہ ہم اتنا آگے جائیں گے اور اس کیلئے اتنی رقم لائیں گے؟ تو میں یہ بھی گزارش کرونگا کہ کٹوتی کی بجائے ہائر ایجوکیشن کیلئے اضافہ کریں۔ یہ پرانے جو چالو ڈگری کالجز ہیں سپیکر صاحب، اس صوبے میں جو تعلیم کی کمی تھی، جب سے پاکستان بنا ہے تو ٹوٹل ایک سو چار ڈگری کالج تھے لیکن ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے اس میں نوے کا اضافہ کیا۔ یہ اتنا Jump ہے کہ پچاس سالوں میں جو کالج بنے تھے، اس کا اگر آپ اندازہ کریں کہ نوے ایم ایم اے گورنمنٹ میں بنے ہیں اور پاکستان جب سے بنا ہے، پچپن سالوں میں ایک سو چار بنے

ہیں۔ (تالیاں) یونیورسٹیاں اگر آپ دیکھیں تو یونیورسٹیاں بھی تقریباً تین چار تھیں، ابھی آٹھ یونیورسٹیاں ہو گئی ہیں اور میں خصوصاً قاضی صاحب اور گورنمنٹ کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں، چیف منسٹر صاحب تو موجود نہیں ہیں، ان کے ساتھ میں الگ بھی انشاء اللہ ساتھ ملوں گا اور بات بھی کروں گا کہ ہم نے اس صوبے کی ترقی کیلئے ایک ہونا ہے اور اس کیلئے ہم نے اکٹھی کوشش کرنی ہے۔ ماموں خٹکی کے مقام پر میں نے پولیس کی بارہ سو کنال زمین منتقل کی ہے ہائر ایجوکیشن کیلئے کہ یہاں پر انجینئیرنگ کی ایک جدید یونیورسٹی ہو پشاور میں، اس کیلئے میں نے Agreement کیا تھا ہائر ایجوکیشن کے ساتھ کہ گیس صوبائی گورنمنٹ دے گی، بجلی کی سہولت، روڈ ہم دیں گے اور بارہ سو کنال زمین میں نے منتقل کی ہے پشاور کی انجینئیرنگ یونیورسٹی کیلئے، تو میں گزارش کرونگا کہ ایک میٹنگ رکھ لیں، اس میں میں خود بھی وہاں پر جاکر، اگر ہماری وہاں پر مرکز میں لیڈرشپ ہے تو انشاء اللہ ہائر ایجوکیشن منسٹر اور وہاں پر کمیشن کے جو چیئرمین ہیں، ان سے بھی بات کریں گے اور ایک لاء یونیورسٹی، لاء کالج کب سے بنا ہے، اس صوبے میں لاء یونیورسٹی نہیں تھی، ہم نے وہاں پر زمین کا انتقال بھی کیا ہے لاء یونیورسٹی کیلئے، ابھی صرف اس کو فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ Pursue کرنا ہے کہ اس صوبے میں ایک لاء یونیورسٹی بھی ہو تاکہ ہمارے لاء گریجویٹ نکلیں اور ایل ایل بی کے بعد یہاں پر انکی مزید بھی تعلیم ہو۔ اسی طرح خواتین کی یونیورسٹی نہیں تھی پورے صوبے میں، اس کیلئے ہم نے پشاور میں زمین بھی دی اور کام بھی شروع ہے، میں چاہونگا کہ اسکو بھی اسی انداز سے آگے ہم چلائیں، ہم سپورٹ کرتے ہیں۔ اب آتے ہیں پرائمری ایجوکیشن پر، جب آپ صحیح بنیاد رکھیں گے تو اس پر آپ کی تعمیر اوپر تک ہمیشہ کیلئے کھڑی رہے گی لیکن اب جو میں دیکھ رہا ہوں، یہاں پر پرائمری ایجوکیشن کا جو حال ہے، اس میں میں جو دیکھ رہا ہوں، میں یہی سوچ رہا ہوں کہ یہ وقت اور پیسے کا ضیاع ہے اور جس انداز سے پرائمری ایجوکیشن پر ابھی کام ہو رہا ہے، میں دیانتداری کے ساتھ اس ہاؤس میں آج پوری قوم کو اور یہاں پر ذمہ دار لوگوں کو یہ بتاؤنگا، میں حلفاً کہتا ہوں جو میں دیکھ رہا ہوں کہ تباہی کی طرف ہم جا رہے ہیں خاصکر پرائمری ایجوکیشن میں اور وہ اسلئے جی کہ یہاں پر پرائمری ایجوکیشن میں ایک تو یہ ہے کہ ہم سے ابھی بھی ڈیمانڈ ہو رہا ہے کہ پیسے دیں۔ پچھلی گورنمنٹ نے کتابوں کیلئے پیسے رکھے تھے ایف ایس سی تک لیکن پرائمری ایجوکیشن کے سیکرٹری اور ڈیپارٹمنٹ اس قابل نہ ہو سکے کہ وہ بروقت اس صوبے کے غریب بچوں کو کتابیں دیں۔ اب ایک کلاس کے بچوں کے ہاتھوں سے کتابیں لے رہے ہیں جو پاس ہو گئے ہیں اور دوسری کلاس میں دے رہے ہیں تو اگر اس محکمے کی غفلت اسی

انداز پر رہی تو پیسے تو ہیں لیکن اس میں جو کام کرنے والے ہیں، وہ اس قابل نہیں ہیں کہ وہ ان سے کتابیں خریدیں، کتابیں چھپوائیں اور آج پوری قوم مایوسی کی طرف جا رہی ہے خاصکر پرائمری ایجوکیشن میں کہ جس غریب بچے کے ہاتھ میں کتاب تھی، آج وہ منتظر ہے لیکن گورنمنٹ کی طرف سے سپیکر صاحب، اسکو کتاب نہیں مل رہی ہے تو اس کو ہم چیف منسٹر صاحب کے سامنے بھی رکھیں گے اور اس ضمن میں میں جو ہمارے خدشات ہیں، وہ بھی سامنے رکھیں گے تو یہ کتابیں بھی بروقت دینی چاہئیں اور یہاں پر میں نے بات کی تھی کہ ہم نے تقریباً دو سو بوائز اور دو سو گرلز پرائمری سکولز رکھے تھے، ابھی ان میں دو سو صرف رکھے گئے ہیں چار سو کی بجائے تو میں یہ بھی مطالبہ کرونگا کہ جہاں پر بھی وہ دینا چاہیں، جہاں پر بھی اگر ضرورت ہے، وہ دے دیں لیکن چار سو کی کمی نہ کریں بلکہ دو سو کی بجائے دوبارہ اس میں چار سو رکھیں تاکہ معزز ممبران اسمبلی کم از کم اپنے حلقوں میں چار پرائمری سکول تو اپنی مرضی سے دے سکیں۔ گورنمنٹ کی مرضی ہے کہ Need base پر جہاں پر دیتے ہیں، وہ خود ہی اسکا تعین کرے اور اس سلسلے میں یہ بھی گزارش کرونگا کہ وہ اسی بنیاد پر دے کہ ہر ایک حلقے کو ملے۔ باقی میں ایک بات کرونگا اور گزارش کروں گا کہ اس کیلئے یہاں پر گورنمنٹ ایک کمیٹی تشکیل دے اور اس میں ہر پارٹی کا ایک رکن ڈال دے۔ میں جو بات کر رہا ہوں، وہ بڑی حساس ہے اور میں کبھی بھی اس فلور پہ غلط بات نہیں کروں گا۔ اگر میں بھی یہاں فلور پہ غلط بات کروں اور پھر کل کمیٹی کے سامنے میں شرمندہ ہوں، پریس کے سامنے میں شرمندہ ہوں، تو اس عمر میں اور اس وقت ہم اس کے متحمل نہیں ہو سکتے کہ کوئی ایسی بات کریں جو کل کو خدانخواستہ غلط نکلے، بابک صاحب جو کہ منسٹر ہیں، آج نہیں ہیں کہ وہ بھی سنتے۔ میں یہاں پر ایک لسٹ بھی لایا ہوں کہ ہمارے بنوں میں جب الیکشن ہوئے، ایک حلقے میں شیر اعظم خان جو منسٹر تھے، وہ امیدوار تھے، ان کا حلقہ پی ایف 71، میرا حلقہ پی ایف 73 اور میرے بیٹے کا حلقہ پی ایف 70 ہے جو کہ میرا پرانا حلقہ ہوا کرتا تھا تو ان میں یہاں پر الیکشن ہوئے جی، میرے مقابلے میں جو آدمی تھا، وہ شیر اعظم خان کے مقابلے میں بھی تھا، باز محمد خان ان کا نام ہے اور اے این پی کے ساتھ ان کا تعلق ہے۔ میرے ساتھ جب مقابلہ ہوا تو ان کے پانچ ہزار ووٹ تھے اور میرے سترہ ہزار ووٹ تھے۔ عوام نے خود فیصلہ دیا جو بہتر جانتے تھے۔ شیر اعظم خان کے ساتھ جو مقابلہ ہوا، اس میں بھی شیر اعظم صاحب جیت گئے اور وہ ہار گئے۔ ان کے اپنے گاؤں میں پولنگ سٹیشن ہے جی اے ٹی شہباز احمد خیل، جی سی ایم ایس شہباز احمد خیل، جی جی ایچ ایس شہباز احمد خیل، جی جی پی ایس ایمل خیل سٹی، ان پہ اپنے تین بندوں کی ڈیوٹیاں لگائی تھیں، ایک کا نام ہے اکرام اللہ، دوسرے کا نام

ہے غنی شاکر اور تیسرے کا نام ہے صراف علی۔ انہوں نے رات کو سارے تھیلے کھولے اور ایک پولنگ پہ جتنے ووٹ تھے 2163، اسی کے ساتھ تعلق ہے جی۔۔۔۔۔۔۔

Mr. Bashir Ahmed Bilour[Senior Minister(Local Govt.)]: Point of order, Sir.

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

قائد حزب اختلاف: مجھے تھوڑا سن لیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اکرم درانی صاحب چیف منسٹر رہ چکے ہیں، جو بندہ موجود نہ ہو، اس کے بارے میں اسمبلی میں بات نہیں کرنی چاہیئے۔ اس کا جواب تو وہی دے سکتے ہیں کہ انہوں نے یہ کھولے ہیں کہ نہیں کھولے ہیں، وہ موجود تھے، وہ آدمی لیکر آئے کہ نہیں آئے؟ تو میری درخواست ہو گی کہ جو آدمی موجود نہ ہو، اس کے بارے میں بات کرنا بہتر نہیں ہے، سر۔

قائد حزب اختلاف: شیر اعظم خان۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے۔

قائد حزب اختلاف: شیر اعظم خان۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب شیر اعظم خان وزیر (وزیر محنت): بات تصحیح طلب ہے، I am making more understandable and make it more convenient to understand.

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

قائد حزب اختلاف: اچھا جی، تو ایک پولنگ سٹیشن پر اکرام اللہ نے رات کو پورے ووٹ پول کئے، 2163 ووٹ تھے، ٹوٹل ایک ہی امیدوار کو ڈالے۔ اس میں شیر اعظم صاحب کے تھے چار ووٹ، شہباز احمد خیل میں غنی شاکر نے ٹوٹل ووٹ پول کئے 2474، گیارہ ووٹ شیر اعظم خان کے تھے۔ شہباز احمد خیل میں کل 1176 پول کئے، زیرو ووٹ تھے ان کے۔ ابھی ان لوگوں نے، جو اصل بات میں کر رہا ہوں، اس کی طرف ابھی آ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اکرم خان صاحب! اسی طرف آ جائیں، ایجوکیشن کی طرف۔

قائد حزب اختلاف: ایجوکیشن کی طرف، ایجوکیشن کی طرف آ رہا ہوں۔ ابھی اکرام اللہ پریذائڈنگ آفیسر تھا جی ایچ ایس شہباز احمد خیل میں، اس کو کنٹرولر لگا دیا بنوں بورڈ کا، سیکرسی میں بیٹھے گا یہ آدمی، اگر وہ رات کو تھیلا کھولتا ہے تو سیکریسی میں بیٹھ کر اس صوبے کے عوام کے ساتھ کیا کرے گا؟ (تالیاں)

اگر غنی شاکر شہباز احمد خیل میں رات کو تھیلا کھولتا ہے، میں چیف منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ ان کے نوٹس میں میں نے بات لائی، وہ آج نہیں ہیں، جو اچھی بات ہوتی ہے، ہم ہمیشہ اس کی سپورٹ کرتے ہیں، جب بھی کوئی بات ان کے نوٹس میں لائی ہے، انہوں نے اس پر ہمدردانہ غور کیا ہے، ابھی اسی آدمی کی پروپوزل آئی ہے ای ڈی او ایجوکیشن بنوں کیلئے اور صراف علی جس نے 1176 ووٹ شہباز احمد خیل میں پول کئے، وہ ابھی سیکریسی میں بیٹھا ہے، سیکریٹری بورڈ ہے تو جن تینوں نے پریذائڈنگ آفیسر کی ڈیوٹی ایک گاؤں میں کی ساری رات تھیلے کھول کر، میرے خیال میں جنہیں بات کروں گا تو میں تو برداشت کرنے والا آدمی ہوں، جو کچھ کوئی کہے گا، میں سنوں گا، اگر میری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سید عاقل شاہ (وزیر کھیل وثقافت): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی جی بتائیں، عاقل شاہ صاحب۔

وزیر کھیل وثقافت: دراصل میرے خیال میں اسکا ایجوکیشن کے ساتھ تعلق نہیں ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: ایجوکیشن کے ساتھ تعلق ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

وزیر کھیل وثقافت: اور پھر یہ کیسے پتہ چلے گا کہ درانی صاحب جو بات کر رہے ہیں، وہ صحیح بھی ہے کہ نہیں؟۔۔۔۔۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: بالکل صحیح بات ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وزیر کھیل وثقافت: اور پھر تیسری بات یہ ہے جی کہ کیس Already subjudice ہے۔۔۔۔۔

